P-364

Roll No. of the Student						

Serial No. Of the Answer Book: ____________

Paper Code

① ● ③

اُردو لازمی پارٹ-II

Swat 2025

وقت: 20منٹ نمبر: 20

ہدایات:

(1) حصہ (الف) کے تمام اجزا حل کریں۔ ہر سوال کیساتھ چار جوابات دیے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک جواب درست ہے۔ آپ نے درست جواب کے دائرے کو سامنے دیے گئے طریقے سے OMR شیٹ میں مکمل سیاہ کرنا ہے۔ ●

(2) دائروں کو (شیڈ) بھرنے کیلئے نیلے یا کالے پن کا استعمال کریں۔ (3) جواب میں ایک سے زیادہ دائرے بھرنے سے جواب غلط تصور ہوگا۔

حصہ الف

I. مرزا حسن سرت کا تعلق تھا۔
Ⓐ لاہور Ⓑ کراچی Ⓒ دلی ● شہر

II. 1913ء میں علامہ اقبال کی لکھی گئی نظم ہے۔
Ⓐ شکوہ Ⓑ عقل و عشق Ⓒ عقل و دل ● جواب شکوہ

III. وہ نظم جس میں وزن اور بحر کے ساتھ ساتھ قافیہ اور بسا اوقات ردیف کی پابندی بھی ضروری ہوتی ہے۔ کہلاتا ہے۔
Ⓐ آزاد نظم ● پابند نظم Ⓒ نظم معری Ⓓ نثری نظم

IV. درج ذیل میں متعلق فعل ہے۔
● عموماً Ⓑ یہاں Ⓒ کیوں Ⓓ اس لیے

V. جس نظم کے ہر بند میں چھے مصرعے ہوں، کہلاتا ہے۔
Ⓐ مثلث Ⓑ مربع Ⓒ مخمس ● مسدس

VI. سبق "محسن محلہ" کا مرکزی کردار ہے۔
Ⓐ اشفاق احمد ● ماسٹر الیاس Ⓒ کریم نواز Ⓓ جبار حلوائی

VII. اس کی دل کی رفتار ---------- تھی۔
Ⓐ غیر ارادی Ⓑ غیر معمولی ● بے ترتیبی Ⓓ غیر ضروری

VIII. "باچھیں کھلنا" قواعد کے مطابق ہے۔
Ⓐ روزمرہ ● محاورہ Ⓒ کہاوت Ⓓ ضرب المثل

IX. وہ سردی کے موسم میں باہر بیٹھا دھوپ ---------- رہا تھا۔
Ⓐ لے Ⓑ پی ● سینک Ⓓ ڈال

X. علامہ اقبال عام طور پر بولتے تھے۔
Ⓐ اردو Ⓑ فارسی ● پنجابی Ⓓ انگریزی

XI. "المامون" تصنیف ہے۔
Ⓐ مہدی افادی Ⓑ خواجہ حسن نظامی Ⓒ محمد حسین آزاد ● مولانا شبلی نعمانی

XII. واوین کی علامت ہے۔
Ⓐ Ⓑ ؟ ● " " Ⓓ -

XIII. مرزا شہزور کی والدہ مرزا سلیم کی ---------- تھی۔
● بہن Ⓑ خالہ Ⓒ پھوپھی Ⓓ چچی

XIV. "جمال نے سانپ کو مار ڈالا"۔ جملے میں امدادی فعل ہے۔
Ⓐ جمال Ⓑ سانپ Ⓒ مار ● ڈالا

XV. ڈاکٹر وزیر آغا پیدا ہوئے۔
Ⓐ 1911ء ● 1922ء Ⓒ 1933ء Ⓓ 1944ء

XVI. سعادت حسن منٹو بنیادی طور پر ہے۔
Ⓐ ناول نگار Ⓑ ڈراما نگار ● افسانہ نگار Ⓓ خاکہ نگار

XVII. احمد ندیم قاسمی کے والد کا نام ہے۔
Ⓐ پیر غلام علی ● پیر غلام نبی Ⓒ پیر غلام بخش Ⓓ پیر غلام حضرت

XVIII. عبداللہ کی موت ہوئی۔
Ⓐ قبرستان میں Ⓑ گھر میں ● گلی میں Ⓓ مسجد میں

XIX. بانو قدسیہ بیوی تھی۔
Ⓐ شوکت صدیقی کی ● اشفاق احمد کی Ⓒ غلام عباس کی Ⓓ احمد ندیم قاسمی کی

XX. "وہ وعدے تو کرتا ہے لیکن پورا نہیں کرتا" جملہ ہے۔
● استدراکی Ⓑ سببی Ⓒ سوالیہ Ⓓ ع

122501

اردو لازمی پارٹ-II

Swat 2025

نوٹ: حصہ ب اور حصہ ج کے لیے کل وقت 2 گھنٹے اور 40 منٹ ہیں۔

حصہ "ب"

II۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی 10 اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔

i. رابطہ اور تفصیلہ کی تعریف کریں اور علامتیں بھی لکھیں۔

ii. خواجہ حسن نظامی کے علمی اور ادبی خدمات پر نوٹ لکھیں۔

iii. مرزا سلیم والدہ کی باتوں سے کیوں آزردہ تھا اور مرزا شہ زور کون تھا۔

iv. ملتِ اسلامیہ کے اتحاد کے ضمن میں پاکستان کیا کردار ادا کر سکتا ہے؟

v. امدادی فعل کے کوئی سے پانچ مثالیں لکھیں۔

vi. افسانہ ''منظور'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیں۔

vii. جملوں میں استعمال کریں۔ مستقبل، معمول، اثاثہ، ادنیٰ و اعلیٰ، بے مصرف

viii. افسانہ کی تعریف کریں اور تین افسانہ نگاروں کے نام لکھیں۔

ix. مالک مکان نے ماسٹر صاحب سے کیا سلوک کیا؟ اور ماسٹر صاحب کا کیا انجام ہوا؟

x. لالو کی سرگرمیوں پر لالو کے والد نے کن خیالات کا اظہار کیا؟

xi. مولوی وحید الدین سلیم کا حلیہ اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

xii. روزمرہ اور محاورے میں فرق واضح کریں اور ایک ایک مثال دیں۔

xiii. صنعت مراعاۃ النظیر کی تعریف لکھیں اور دو مثالیں دیں۔

حصہ "ج"

III. متن اور سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کریں۔

(الف) زمین آخر زمین ہے اور ہمارے تخیل کی ہزار پروازیں ہماری آرزوؤں کی ہزار رفعتیں بھی اسے آسمان نہیں بنا سکتیں اور حقیقت کی دنیا میں ہم سے زیادہ ضرورت بھی زمین ہی کی ہے، تاکہ آسمان کی بادشاہت زمین پر قائم ہو اور اللہ تعالیٰ کی اس زمین پر اس کے فرمان بردار بندے اُسے اپنا وطن بنائیں اور اس وطن کی حفاظت میں، اگر ضرورت پڑے، تو اپنی جانیں، اپنا مال اور اپنی اولاد قربان کر دیں۔

(ب) پچپن برس کی عمر میں اسے پنشن مل گئی۔ اب اس کا بڑا بیٹا ریل کے مال گودام میں کام کرتا تھا۔ چھوٹا کسی دفتر میں ٹائپسٹ تھا اور اس سے چھو... پڑھتا تھا۔ اپنی پنشن اور لڑکوں کی تنخواہیں سب ملا کے کوئی ڈیڑھ سو روپے ماہوار کے لگ بھگ آمدنی ہو جاتی تھی جس میں بخوبی گزر ہوئے... ازیں اس کا ارادہ کوئی چھوٹا موٹا بیوپار شروع کرنے کا بھی تھا۔ مگر مندے کے ڈر سے ابھی پورا نہ ہو سکا تھا۔

IV. درج ذیل اجزاء میں کسی ایک کی متن کے حوالے سے تشریح کیجیے۔

(الف)
وہ روح میں انوارِ خدا، صبح و صادق — وہ حسن جسے دیکھ کے ہر آنکھ ہو عاشق
وہ سادگی انسان کی فطرت کے مطابق — زریں وہ اُفق، نور سے لبریز وہ مشرق

(ب)
دیکھ کر اپنے در و بام لرز جاتا ہوں — مرے ہمسائے میں جب بھی کوئی دیوار گرے
وقت کی ڈور خدا جانے کہاں سے ٹوٹے — کس گھڑی سر پہ یہ لٹکی ہوئی تلوار گرے

V. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں۔

(i) قومی ترقی میں نوجوانوں کا کردار

(ii) قومی زبان اور ہماری ذمہ داریاں